مطبوعات

عقیدۂ اعجاز قرآن کی تاریخ تالیف ڈاکٹر عبدالعلیم صاحب پی ایچ ڈی (برلن) مکتبۂ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی۔ قیمت ۸/

یہ اُس مقالے کا ترجمہ ہے جس پر فاضل مؤلف کو برلن یونیورسٹی سے ڈاکٹر کی سند ملی ہے۔ قرآن مجید کے متعلق معجزہ ہونے کا اعتقاد کن آیات سے پیدا ہوا ہے، کس طرح اس عقیدہ کا نشو و نما ہوا، کس کس دور میں کن کن لوگوں نے اس پر ضمناً یا استقلالاً بحث کی اور کن کن وجوہ و دلائل سے قرآن کو معجزہ قرار دیا، یہ مسائل ہیں جن پر ڈاکٹر صاحب نے نہایت مختصر مگر محققانہ بحث کی ہے۔ تحقیق قابلِ داد ہے مگر اختصار اتنا ہے کہ اکثر مباحث تشنہ رہ گئے ہیں۔ انداز بیان اس درجہ "معروضی" ہے کہ کسی جگہ یہ ظاہر ہی نہیں ہوتا کہ مؤلف خود بھی کسی مسئلہ میں کوئی رائے رکھتا ہے یا نہیں۔ "معروضیت" کی حد یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے محمد اور رسول کے الفاظ لکھے ہیں جن پر غالباً کاتب نے کہیں کہیں صلعم بنا دیا ہے۔ صحابہ کرام کے حصہ میں علامت رضوان بھی نہ آئی۔ انہیں صرف ابو علی، عبداللہ بن زبیر وغیرہ لکھا گیا ہے۔ علمی تحقیق میں شخصی جذبات اور ذاتی رجحانات، اور ہر قسم کے تعصبات سے بالاتر رہنا ضروری ہے۔ مگر ایسی "معروضیت" جو "موضوعیت" سے سراسر ناآشنا ہو صرف فوٹو کے کیمرے اور ریکارڈنگ مشین ہی میں ہو سکتی ہے کہ لہ عین لا یبصر بھا و لہ اذن لا یسمع بھا و ما لاحد منھما بقلب۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ میں اس "معروضیت" کا محل ہم نہیں سمجھ سکے۔ اس کو تو کسی سائنٹفک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ میں ہونا چاہیے تھا۔ ا۔م

آخری نبی تالیف الیاس احمد صاحب مجیبی۔ مکتبہ جامعہ۔ دہلی۔ قیمت ڈھائی آنہ۔

اس چھوٹے سے رسالہ میں مولف نے بہت چھوٹے بچوں کے لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے

حالات بالکل کہانی کے انداز میں لکھے ہیں۔ زبان اس قدر سہل ہے کہ ہر بچہ اس کو سمجھ سکتا ہے۔ یہ رسالہ اس قابل ہے کہ جیسے بچے میں تھوڑی سی سمجھ آجائے تو اس کے ماں باپ یا بہن بھائی اس کو پڑھ کر سنائیں تاکہ ابتدا ہی سے اس کے دل میں سرکار رسالتمآب کی محبت اور عظمت جاگزین ہوجائے۔ ا۔م

چار یار | تالیف الیاس احمد صاحب مجیبی۔ مکتبہ جامعہ ملیہ۔ دہلی۔ قیمت ۶ر

یہ رسالہ بھی بچوں کے لیے لکھا گیا ہے اور اس میں حضرات خلفاء راشدین کے حالات سبق آموز اور سہل انداز میں بیان کیے گئے ہیں۔ بعض اسلامی درسگاہوں میں اس کو ابتدائی جماعتوں کے نصاب میں داخل کرلیا گیا ہے۔ ا۔م

دس جنتی | تالیف الیاس احمد صاحب مجیبی۔ مکتبہ جامعہ۔ دہلی۔ قیمت ۵ر

اس رسالہ میں حضرات خلفاء راشدین کے ساتھ حضرت زبیر، حضرت طلحہ، حضرت عبدالرحمٰن ابن عوف، حضرت سعد بن ابی وقاص، حضرت ابوعبیدہ بن الجراح، اور حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہم کے حالات بیان کیے گئے ہیں۔ یہ بھی بچوں میں اپنے بزرگوں سے واقفیت اور ان کی پیروی کا شوق اور دین کی محبت پیدا کرنے کے لیے نہایت مفید چیز ہے۔ ا۔م

The Messag of Islam | تالیف فضل کریم خاں صاحب درانی بی اے، ایڈیٹر "ٹروتھ" دفتر اخبار "ٹروتھ"۔ لاہور۔ قیمت فی نسخہ ۸ر۔ چار نسخوں کے لیے عـ۲ سو نسخوں کے لیے ۲۰ روپیہ۔

انگریزی زبان میں ہندوستان کی اچھوت قوموں کے لیے خصوصاً، اور دوسرے غیر مسلموں کے لیے عموماً، اسلام کی جانب ایک دعوت عام ہے۔ فاضل مؤلف نے جس خوبی کے ساتھ تعلیمات اسلامی کی روح اور تمام مذہبی نظاموں پر اسلام کی برتری ظاہر کی ہے قابل داد ہے۔ بیان نہایت مختصر و مدلل ہے، زبان نہایت مؤثر اور پر زور ہے۔ اتنے کم الفاظ میں اسلام کا اتنا اچھا تعارف اب تک ہماری انگریزی زبان میں ہماری نظر سے نہیں گذرا۔ آخر میں مؤلف نے بڑی خوبی کے ساتھ یہ حقیقت اچھوتوں کے ذہن نشین کرنے کی کوشش کی ہے کہ ان کی اور ہندوستان کی نجات کا راستہ بجز قبول اسلام کے اور کوئی نہیں۔ اس رسالہ کو زیادہ سے زیادہ پھیلانے کی کوشش کرنی چاہیے۔ ا۔م